ماڈل پیپر'' اردو ''

برائے ڈی کام پارٹ ون/ڈی۔بی۔اے پارٹ ون

برائے سال 2012 ومابعد

(حصّہ معروضی)

رولنمبر ہندسوں میں ------------- وقت : 20منٹ

الفاظ میں ------------- کل نمبر : 20

نوٹ : اپنا رولنمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔

تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔
کاٹ کر یا کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوالنمبر ۔ا مختصر جواب تحریر کیجئے۔ 5 = 1 x 5

(i) خدا کی محبت کا اہل کیسے بنا جا سکتا ہے؟

(ii) اچھن کس مرض میں مبتلا تھی؟

(iii) ابوالقاسم زہراوی کی مشہور تصنیف کا کیا نام ہے؟

(iv) لاہور کی مشہور ترین پیداوار کیا ہے؟

(v) مرغ کی آواز اس کی جسامت سے کتنا گنا ہے۔

سوالنمبر 2 = (الف) استعارہ کی تعریف کیجئے اور دو دو مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ 5 = 2 + 3

(ب) ردیف کی تعریف کیجئے اور دو مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ 5 = 2 + 3

(ج) تذکیر و تانیث کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجئے۔ 5 = 1 x 5

(i) میری ضمیر جاگ گئی ہے ---------------------------------------

(ii) اکرم کے سر میں درد ہو رہی ہے ---------------------------------------

(iii) ہر جگہ اس کا توتی بول رہا ہے ---------------------------------------

(iv) ہم نے تاش کھیلی ---------------------------------------

(v) میز خالی پڑا ہے ---------------------------------------

نوٹ : قواعد میں استعارہ، تلمیح، مطلع، قافیہ، ردیف سے متعلق بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

****

ماڈل پیپر " اردو "

برائے ڈی کام پارٹ ون/ ڈی۔ بی۔ اے پارٹ ون

برائے سال 2012 ومابعد

(حصہ انشائی)

وقت : 2:40 گھنٹے | کل نمبر: 80

حصہ اوّل

سوالنمبر 3=(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کریں؟ 10 = 8 + 1+ 1

تو مقصدِ تخلیق ہے تو حاصلِ ایماں
جو تجھ سے گریزاں، وہ خدا سے ہے گریزاں
انسان کو شائستہ و خوددار بنایا
تہذیب و تمدن، ترے شرمندہ احسان
رحمت کا یہ عالم ہے، مروت کا یہ انداز
ماہرسا گنہگار ہے، وابستہ داماں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10 = 1 + 9

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے
میں اور بلبل بیتاب گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
مری طرح سے ماہ و مہر بھی نہیں آوارہ
کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

حصہ دوئم

سوالنمبر 4= سیاق سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے؟ 15 = 10+3+1+1

(الف) " اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھوگی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے۔ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقاء کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہوتے ہیں۔ جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا میلان فطری ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ "

(ب) " وہ مجھ سے کارڈ لے کر یوں چلا جیسے دنیا جہاں کی دولت سمیٹے لئے جارہا ہے۔ میں نے کارڈ پر لکھ دیا تھا۔ جبار صاحب! اس کا کام کر دیجیئے۔ بے چارہ بڑا ہی غریب آدمی ہے۔ دعائیں دے گا۔ اور مجھے یقین تھا کہ کام ہو جائے گا۔ ڈاکٹروں کو صرف اتنا ہی تو دیکھنا تھا کہ آنکھ پوری طرح بجھ گئی ہے یا تھوڑی بہت رمق باقی ہے۔ میں دن بھر گھر سے غائب رہا اور رفیکا دن بھر میرے گھر کے چکر کاٹتا رہا۔ شام کو اس نے مجھے بتایا کہ ''جبار صاحب بیٹھتے تو ہیں پر کوئی اندر نہیں جانے دیتا۔ گھٹنا پاجامے میں سے جھانک رہا ہو تو باری کیسے آئے بابوجی''

سوالنمبر 5= درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ نیز مصنف کا نام بھی تحریر کریں؟ 10 = 9+1

(الف) اوورکوٹ (ب) اسوہءحسنہ

سوالنمبر 6= نظم "برسات" کا خلاصہ تحریر کریں اور شاعر کا نام بھی تحریر کریں؟ 5 = 1+4

سوالنمبر 7= مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان مکالمہ تحریر کریں؟ 10

یا

کالج کے جلسہء تقسیم انعامات کی روداد تحریر کیجئے؟

سوالنمبر 8= سند کے اجراء کیلئے چیئرمین بورڈ کے نام درخواست تحریر کیجئے؟ 10

یا

بائیسکل کے فروخت کی رسید تحریر کریں؟

سوالنمبر 9= درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان تحریر کیجئے؟ 10 = 8 + 2

" جس طرح اعلیٰ اخلاق اور پاکیزہ اوصاف بزرگوں کی صحبت میں بیٹھنے سے طبیعت پر اچھا اثر پڑتا ہے اور ناپاک آدمیوں کے پاس بیٹھنے سے دل میں گندے خیالات جاگزیں ہوتے ہیں۔ اسی طرح اچھی اور بری کتابیں بھی اپنا اپنا اثر کیے بغیر نہیں رہتیں۔ اس لیے انتخاب کتب میں بہت زیادہ احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ بعض کتابوں کا توضیع اوقات ہوتا ہے، بلکہ مخزب اخلاق بھی، ان کا اثر زہر قاتل کی طرح چپکے چپکے دل میں گھر کر جاتا ہے اور بالآخر ہماری اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ "

****